الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :> **faisal usman**		Serial No :> **10477**	
Address :> **lahore**		Fatwa No :>	
Subject :> **SWAB-GUNAH**		Date :> **12/14/2010**	
Writer :> شاہد شاہ نواز		Email :>	

Hzrat mara swal lal masjid k shauhda k bara ma ap ka kia khial ha.k aya wo shaheed han ya murdar?
aur agr to wo shaheed han to un ko murdar aur murtad kehnay walay k liya islam ka kia hukam ha.
baray mehar bani is swal ka jwab zara tafseel sa dijiiya ga.
Waslam
faisal usman khan/ حضرت میرا سوال ہے کہ لال مسجد کے شہداء کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے کہ آیا وہ شہید ہیں یا مردار۔ اور اگر تو وہ شہید ہیں تو ان کو مردار اور مرتد کہنے والے کیلئے اسلام کا کیا حکم ہے۔ برائے مہربانی اس سوال کا جواب ذرا تفصیل سے دیجئے گا۔ والسلام۔

الجواب ــــــــ حامداً ومصلیاً

واضح ہو کہ سانحۂ لال مسجد میں وفات پانے والے علماء، طلباء وطالبات بلاشک وشبہ شہید ہیں۔ اور شریعتِ مطہرہ میں عام مُردوں کے متعلق بھی ذکرِ خیر کرنے کی اور ان کی برائیاں اگر ہوں بھی تو ان سے سکوت اختیار کرنے کی تعلیم دی گئی ہے چہ جائیکہ شہداء جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے مُردہ کہنے سے بھی منع فرمایا ہے ان کے بارے میں اس قسم کے نازیبا الفاظ کہنا انتہائی شنیع، گھٹیا، مقتضائے ایمان کے خلاف، پرلے درجہ کی جہالت اور اللہ کے حضور جوابدہی کو لازم کرنے والی حرکت ہے۔ تاہم اگر سائل کو کوئی اعتراض ہو تو اسکی مکمل وضاحت لکھ کر اس سوال کو دوبارہ ای میل کردے تو اس پر بھی غور کیا جائیگا۔

کما قال تعالیٰ: ولا تقولوا لمن يقتل في سبيل الله اموات ط بل احياء ولكن لا تشعرون الاية (البقرة: ۱۵۴) وفي روح المعاني تحت هذه الآية: ثم إن نهي المومنين عن ان يقولوا في شأن الشهداء اموات، إما ان يكون دفعا للايهام مساواتهم لغيرهم في ذلك البرزخ (إلى قوله) وإما ان يكون صيانة لهم عن النطق بكلمة قالها اعداء الدين والمنافقون في شأن اولئك الكرام قاصدين بها أنهم حرموا من النعيم ولم يروه ابدا الخ (ج ۲، ص ۲۲)۔

وفي سنن ابي داود: عن ابن عمر رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذكروا محاسن موتاكم وكفوا عن مساويهم (ج ۲، ص ۳۲۳)۔

وفي البحر الرائق: (قوله هو من قتله أهل الحرب أو البغي او قطاع الطريق أو وجد في المعركة وبه أثر او قتله مسلم ظلما ولم يجب بقتله دية) (ج ۲، ص ۱۹۶ مكتبه ماجديه) والله تعالى اعلم بالصواب

شاہد خان عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ عالمیہ سائٹ کراچی ۱۶
۲۷ ربیع الاول ۱۴۳۲ھ۔

الجواب صحیح
[illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ [illegible]
۳۰ ربیع الاول ۱۴۳۲ھ

[illegible]
13/3/11

دار الافتاء
۱۰۴۷۷
۱۴۳۲/۳/۲۷ھ